## خربزہ

چہ چیزست آں کہ باشد گرد غلطاں — دو نام زندہ دارد لیک بے جاں
خرے باشد کہ ایں معنی نہ فہمد — ز بُزکمتر بود آں مردِ ناداں

## خشخاش

قلعۂ ہست بر سرِ میلے — آبِ آں قلعہ زہردار بود
بر سرِ قلعہ ہست کنگرہ — کاہلِ آں قلعۂ اشمار بود

## درم

بے سر خواصِ آہو بے دل نشانِ جاں
بے پاست زیبِ خانۂ و خود رونقِ جہاں

## سارنگی

زنے دیدم بسے زیبا تنے دارد پُر از دنداں
بہ از بُلبل سخن گوید زباں دار دستہ تا پستاں

## غبارہ

قلعہ ہست آہنی سے بے در — اندرونش ز زنگیان لشکر
زنگیاں چوں شوند روی زنگ — می شود چادرِ سفید بسر

## فکر

یکے مرغ دیدم نہ بال و نہ پر — نہ از رحمِ مادر نہ پشتِ پدر

نہ برآسمان و نہ زیرِ زمی　　ہمیشہ خورد گوشتِ آدمی

## قفل

چیست آں گنبدِ خجستہ دو در　　کہ درو خفتہ است یک دختر
ناگہاں اندروں رود پسرے　　کند اندر دو پائے دختر سر

## قلم

بے سر کلنگ دیدم نے جو خورد نہ گندم
آبے خورد ز دریا فیضش رسد بمردم

## ایضاً

غریبے از بیاباں شد بشہرے　　سیہ کردند رویش سر بریدند
سوارش بر سہ مرکب کردہ یکجا　　بمیداں از سوئے سر بر کشیدند

## ایضاً

فاش گویم گر ندانی نامِ آں زیبا نگار　　دل برنگِ عاشقاں رخسارہ ہمچوں زلفِ یار
بر سرِ مرکب نشیند خود پیادہ میدود　　در جہاں ہرگز ندیدم مثلِ آں چابک سوار

## ایضاً

چہ چیز ست آں مرغِ بے بال و پر　　نزادہ ز مادر نہ دیدہ پدر
سرش تا نبری نہ گوید سخن　　تنش را نہ دری نہ ریزد گہر

## ایضاً

چیست آں چیز کہ آنرا گاو میش و خر خورد　　گر بدستِ شاہ افتد ملک اسکندر خورد
میخورد خون سیاہ و قے کند جا سپید　　گر ز رفتن باز ماند خنجرے بر سر خورد

## ایضاً

چیست آں چیزے کہ آں را جنسِ حیواں می خورد
بر سرِ مرکب نشیند خود پیاں می رود
گر بدستِ شاہ آفت ملکِ اسکندر خورد
گر ز رفتن باز ماند خنجرے بر سر خورد

## ایضاً

سہ اسپہ سوار و پیادہ دول　　بمیدانِ کافور عنبر فشاں
سرش زنگبار و تنش در میاں　　خود ایں جاست حکش بیا زندرا

## کھجلوٹا

ہست مرغے کہ در نظر چشمش　　دو بود چوں کشادہ ار دبال
در زند بالہائے خویش بہم　　ہر دو چشمش یکے شود فی الحال

## کنکوا

آں چیست کہ مانند پری ناز کند　　بے پر بپرد بے دہن آواز کند

## گلوری

لگرو باز و تدرو و طوطی را　　دوش دیدم بمجلسِ احباب
برگرفتیم و در قفس کردیم　　شد ازاں چار مرغ و یک سرخاب

## گوی و چوگان

آں چیست کہ باد سر ندارد
ن می رود و خبر ندارد
و قتے کہ زنند بر سرش چوب
پرّد بہوا و پر ندارد

## ماہ و مہر

چیست آں بادشاہِ ہفت اقلیم
باہزاراں سوار می گردد
ناگہاں یک سوار پیدا شد
آں فوجِ شاہ برہم زد

## من

چیست آں چار عشر دارد سر
یکصد و شصت پائے او بنگر
نام او را صریح گفتم من
گر ترا فہم ہست اے دلبر

## نارجیل

گنبدے سربستہ دیدم گنبدے دیگر درو
ہست اندر اسہ دریچہ یک کشادہ بستہ دو

## نگاہ

رود تا آسمان و پیش دین
ولیکن ہیچ کس او را نہ دین

# بسنت

حضرت خواجہ[۱۲] سنگ کھیلیئے دھمّال
بالس کی جا مل بن بن آیو تاۓ
حضرت رسول صاحب جمال حضرت.....
عرب یار تیرو بسنت بنایو
سدا رکھیۓ لال گلال حضرت.....

## دیگر

مورا جوبنا نویلرا بھیو ہے گلال
کیسے گھر دینی بکس بخش[۱۲] موری مال
نجام نظام[۱۲] دیں اولیاء کو کوئی سمجھاۓ
جوں جوں مناؤں وہ توروسا ہی جاۓ
مورا جوبنا.....
چوریاں پھوروں پلنگ پہ ڈاروں
اس چولے کو دونگی میں آگ لگاۓ
کیسے گھر.....
سونی سیج ڈرادن لاگے برہا اگن موہے ڈس ڈس جاۓ

## دیگر

اے سرونتو امبا - موری لاسیب بنا
کھیلت دھمال کھا جامعین الدین اور کھا جا قطب دین
شیخ فرید شکر گنج سلطان مشائخ نصیر الدین اولیا
اے سرونتو امبا . . . . .

## دیگر

دیا ری موہے بھجو یا رے — شاہ نجام سے کے رنگ میں
کپڑے رنگنے سے کچھ ناہوت ہے — یا رنگ میں میں نے تن کو ڈبو یا رے
دیا ری موہے . . . . .
واہی کے رنگ سے سن ری شوخ رنگ — خوب ہی مل مل دھو یا رے
پیر نجام کے رنگ میں بھجو یا رے

## قلبانہ

(جو چشتیہ محفل سماع میں قوالی کے شروع میں پڑھا جاتا ہے)
مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ
دَرِ تُنْلِے دَرِ تُنْلِے - دَرِ دَانی ہم تم تَنَانَا تَانَا رے
یَلَلی یَلَلی یَلَا - یَا لَلے -
مَن کُنت مولاہ . . . .

## دیگر

(جو کبھی شروع سماع اور کبھی خاتمہ پر پڑھا جاتا ہی)

اٰلِ نبیؐ صلوٰۃُ اللّٰہِ وسلامُہٗ علیہِ وآلہٖ

فاطمہ بضعۃ منی - آہے وا - بضعۃ منی - فتا تو دا نی - دا نی

دا نی - درلا تلے درلا تیلے - نت - نت - نت نا - درلا تلے سے

درلا تیلے سے - یلا - آ - آ - آ - آ - آ -

آل نبی ........

## دیگر

(جو خاتمہ سماع پر پڑھا جاتا ہے)

الٰہی تبت من قول المعاصی

واللہ کا نام باالسہ - اللہ کا -

در توم تنا در توم توم تا تنا تا تنا نا - نا نا - در تا - لاے تا - لا -

لاے - در تلے - در تلے - تا نوم - تا نوم - تنا در توم - تنا نا

در توم توم تا - تنا - نا نا -

## دیگر

ادلیا تیرے دامن لاگی

پڑھیو میرے للنا ادلیا ....

خواجہ حسن کو میں مجرے سے ملے　　خواجہ قطب دین

اولیا تیرے دامن لاگی

## ساون کا گیت

امّاں میرے باوا کو بھیجو جی کہ ساون آیا

بیٹی تیرا باوا تو بڈھا ری　　کہ ساون آیا

امّاں میرے بھائی کو بھیجو جی　　کہ ساون آیا

بیٹی تیرا بھائی تو بالا ری　　کہ ساون آیا

امّاں میرے ماموں کو بھیجو جی　　کہ ساون آیا

بیٹی تیرا ماموں تو بانکا ری　　کہ ساون آیا

## آنکھوں کا نسخہ

لودھ پھٹکری مُردہ سنگ　　ہلدی زیرہ ایک ایک ٹنگ

افیون چنا بھر مرچیں چار　　اُرد برابر تھوتھا ڈار

پوست کے پانی پوٹلی کرے　　تُرت پیڑ نینوں کی مٹے

تمّت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فرہنگِ چیستاں

اَمبُر अम्बर آسمان بفتح الف وسکون میم سنسکرت

بھُو भू زمین (بفتح با مخلوط وواوِ معروف) سنسکرت

دَھرتی धरती زمین (بفتح دال مخلوط بہا، ورا مہملہ وکسرِ تا، ویا معروف)

اصل سنسکرت لفظ دَھرِتری (धरित्री) سے ماخوذ ہے

پَرِیکھا परेखा پچھتاوا (بفتح با فارسی ورا مہملہ مکسورہ ویاے مجہول کاف

مخلوط مفتوح)

چھیک छेक چھید (دکھنی زبان) (بکسرِ جیم فارسی مخلوط بہا، و یا مجہول وکاف

عربی ساکن) یہ لفظ چھید سے مشتق ہے

نار नार عورت (بفتح نون والف ورار مہملہ ساکن) یہ لفظ مخفف لفظ سنسکرت (नारी) ناری کا ہے

چھَیل छैल بانکا (ہندی بھاشا) بفتح جیم فارسی مخلوط ویار ساکن ولام ساکن

تِرِیَا त्रिया عورت (بکسر تار مثناۃ ورار مکسورہ ویار مفتوحہ والف) یہ لفظ سنسکرت استری (स्त्री) سے ماخوذ ہے

بَلِہارِی बलिहारी قربان۔ بفتح بار موحدہ وکسر لام ویار مجہول وہار مہملہ مفتوح والف ورار مہملہ مکسور ویار معروف۔ ہندی بھاشا ہے ماخوذ بِلی (बलि) بمعنی قوت سے

شِیام श्याम کالا۔ سنسکرت بکسر شین معجمہ ویار مفتوح والف ومیم ساکن ہندی بھاشا میں سیام (स्याम) بھی آیا ہے

بَرَن बरन رنگ۔ بلکہ بفتح بار موحدہ وفتح رار مہملہ ونون ساکن۔ اصل سنسکرت لفظ ورنٗ (वर्ण) سے مشتق ہے

اَنیک अनेक بہت، زیادہ (سنسکرت) بفتح الف وکسر نون ویار مجہول و کاف عربی ساکن۔ یہ لفظ ان (अन) اور ایک (एक) سے مرکب ہے

بَالا बाला لڑکی، لڑکا (سنسکرت) بفتح بار موحدہ والف ولام مفتوح والف۔ سنسکرت میں لڑکی کے معنی اور ہندی بھاشا میں بالک (لڑکے) کے معنی میں بھی مستعمل ہے

اَرْتھ अर्थ معنی، مقصد، دولت (سنسکرت) بفتح الف وسکون رار مہلہ و تار مثناہ مخلوط

ٹھاٹھ ठाठ ٹھٹھری (ہندی بھاشا) بفتح ٹھار ہندی والف وٹھا ہندی ساکن ٹھاٹھ اور ٹھاٹ دونوں مستعمل ہے

نَر नर مرد (سنسکرت وفارسی)

سُو सो وہی (اسم اشارہ) سنسکرت۔ بضم سین مہلہ و واو مجہول اصل لفظ سنسکرت (सः) ہے

کُوکنا कूकना شور کرنا۔ ہندی بھاشا۔ بضم کاف عربی وکاف عربی ساکن

مَاھِیں माहीं میں، اندر، بیچ (ہندی بھاشا)

لال लाल پیارا، محبوب (ہندی بھاشا) بفتح لام والف ولام ساکن اصل سنسکرت مصدر لَل (लल) بمعنی خواہش کرنا، دوست رکھنا، چاہنا

مندر मन्दिर مکان، رہنے کا گھر، عبادت خانہ (سنسکرت) بفتح میم وسکون نون وکسر دال مہلہ وسکون راے مہلہ

سَہَسْتر सहस्र ہزار (۱۰۰۰) (سنسکرت) بفتح سین مہلہ وہاے ہوز مفتوح و سکون سین مہلہ و رار مہلہ

اَمِرت अमृत جو نہ مرے (سنسکرت) بفتح الف وسکون میم مشدد مکسور و رار مہلہ مکسور و تار ساکن

چَرَن चरण قدم، پیر (سنسکرت) بفتح جیم فارسی و فتح را رمہملہ وسکون نون۔

تَرُوَر तरुवर درخت (سنسکرت) بفتح تار مثناۃ وضم را رمہملہ و فتح واو وسکون را رمہملہ

کُنار कुनार بدعورت (ہندی بھاشا) بضم کاف عربی و نون مفتوح والف و رار مہملہ ساکن یہ لفظ مرکب کو (कु) خراب اور ناری (नारि) عورت سے

دِیہی देही جسم۔ ہندی بھاشا۔ بکسر دال مہملہ و یار مجہول و ہار ہوز مکسور و یار معروف اصل لفظ سنسکرت دیہہ (देह) ہی

ہاڑ हाड़ ہڈی (ہندی بھاشا) بفتح ہار ہوز والف و رار ہندی

اُجَل उज्जल سفید (ہندی بھاشا) بضم الف و تشدید جیم فارسی وسکون لام اصل سنسکرت اُجول (उज्ज्वल) سے مشتق ہی

بِدھنا विधना خدا (ہندی بھاشا) بکسر بار موحدہ وسکون دال مہملہ مخلوط و فتح نون والف اصل سنسکرت ودہی (विधि) سے مشتق ہی۔ بمعنی مالک۔ برہما مادہ دھا (धा) بمعنی رکھنا اور وِی (वि) پہلے زائد یا مادہ وِدہ (विध) ہو بمعنی حکومت کرنا

پُرُش[1] یا پرکھ पुरुष مرد (سنسکرت) بضم بار فارسی و رار مہملہ مضموم وشین معجمہ ساکن

لہ اس حرف کا دونوں طرح تلفظ ہوتا ہی ش اور کھ ۱۲

نیہہ नेह محبت (ہندی بھاشا) بکسر نون و یار مجہول و ہار ہوز ساکن اصل سنسکرت سینہ (स्नेह) سے حاصل ہوا ہے

سگرا सगरा تمام، بالکل (ہندی بھاشا) بفتح سین مہملہ و فتح کاف فارسی و فتح رار مہملہ مفتوح و الف اصل سنسکرت سَگر (समग्र) سے حاصل ہوا ہے اور یہ مرکب ہے سَم (सम) تمام سب اور گرَہ (ग्रह) بمعنی لینا۔ لفظ سب اسی سنسکرت سَم سے مشتق ہے

ہِردے हृदय دل (سنسکرت) بکسر ہار ہوز و کسر رار مہملہ و فتح دال مہملہ و فتح یار مفتوح

جھلمل झलमल چمک (ہندی بھاشا) بفتح جیم عربی مخلوط و فتح میم و سکون لام

رتن रत्न جواہر (سنسکرت) بفتح رار مہملہ و سکون تار مثناۃ و نون لیکن ہندی میں بیشتر بفتح تار مثناۃ مستعمل ہوتا ہے

پَون पवन ہوا (سنسکرت) بفتح بار فارسی و فتح واؤ و نون ساکن

جیو जीव جان، روح، نیز جسم (سنسکرت) بکسر جیم عربی و یار معروف و واو ساکن

اَن अन्न غلہ، خوراک، غذا (سنسکرت) بفتح الف و نون مشدد مفتوح

سُکھ सुख آرام، چین (سنسکرت) بضم سین مہملہ و سکون کاف عربی مخلوط بہار ہوز

سُندر सुन्दर خوبصورت، اچھا (سنسکرت) بضم سین مہملہ وسکون نون و فتح دال مہملہ وسکون را مہملہ

کیسَر केसर زعفران (سنسکرت) بکسر کاف عربی و فتح سین مہملہ وسکون را مہملہ

دِیوَر देवर شوہر کا چھوٹا بھائی (سنسکرت) بکسر دال مہملہ و واو مفتوح وسکون را مہملہ۔ یہ لفظ مشتق ہی دِو (مادہ) (दिव) سے بمعنی کھیلنا

جِیٹھ जेठ شوہر کا بڑا بھائی (ہندی بھاشا) بکسر جیم عربی و یار مجہول و تار ہندی مخلوط سنسکرت جییشٹھ (ज्येष्ठ) سے مشتق ہی۔ دوسرے جیٹھ ایک مہینے کا نام ہی جو مطابق مئی جون کے مہینوں کے ہی

سَنگ संग ساتھ۔ ہمراہ (سنسکرت) بفتح سین مہملہ و نون غنہ و کاف فارسی ساکن

مانُش मानुष آدمی۔ مرد (سنسکرت) بفتح میم و الف و نون مضموم و شین معجمہ ساکن مَنُش (मनुष) بھی آتا ہی اور مَنُشی (मानुषी) عورت

روکھ रूख درخت (ہندی بھاشا) بضم رائے مہملہ و واو معروف وسکون کاف عربی مخلوط بہار ہوز اصل سنسکرت روکش (रूक्ष) سے بنا ہی

اَتِیتھ अतिथ بفتح الف و کسر تار مثناۃ و سکون تار مخلوط

برنی बरनि رنگ والا (ہندی بھاشا) یہ لفظ مشتبہ ہی

کَنت कन्त شوہر، پیارا، محبوب (ہندی بھاشا) بفتح کاف عربی وسکون نون و تار مثناۃ اصل سنسکرت لفظ کانت (कान्त) سے مشتق ہی مادہ کم (कम) بمعنی

خواہش کرنا، چاہنا

مَدّھ मध्य درمیان، جوانی (سنسکرت) بفتح میم وتشدید دال مخلوط ساکن

دَھرنی धरनी رکھنے (ہندی بھاشا)

ہاٹ हाट بازار، چوک (ہندی بھاشا) بفتح ہا، ہوز والف وتا، ہندی۔ اصل سنسکرت ہٹّ (हट्ट) مصدر ہٹ (हट) بمعنی چمکنا

پی पी پیارا، محبوب (ہندی بھاشا) بکسر با، فارسی ویا، معروف مخفف، پِی (प्रिय) اصل سنسکرت پریَ (प्रिय) مصدر پِری (प्री) چاہنا

امربیلی अमर बेली ایک قسم کے پھول کا درخت

بِرہ बिरह جدائی، فراق (ہندی بھاشا) بکسر با، موحدہ و را، مہملہ مفتوحہ وہا، ہوز ساکن اصل سنسکرت وِرہ (विरह) مصدر رَہ (रह) بمعنی چھوڑنا

سُندر सुन्दर خوبصورت (سنسکرت) بضم سین مہملہ وسکون نون وفتح دال مہملہ و سکون را، مہملہ مرکب سو (सु) بمعنی بہتر اور در (दृ) عزت کرنا

چھَب छबि رونق، خوبصورتی (ہندی بھاشا) بفتح جیم فارسی مخلوط بہا، ہوز و کسر با، موحدہ ویا، خفیف ۔ اصل سنسکرت چھوی (छवि) مصدر چھُو (छो) بمعنی تقسیم کرنا

بھانت भांति طرح، قسم (ہندی بھاشا) بفتح با، موحدہ مخلوط بہا، ہوز ونون غنہ و تا، مثناۃ مکسورہ ویا، خفیف

جگت जगत دنیا، متحرک (ہندی بھاشا) بفتح جیم عربی و کاف فارسی ساکن
اصل سنسکرت جگت (जगत्) مادہ گم (गम्) جانا

دھاونا धावना دوڑنا (ہندی بھاشا) بفتح دال مہملہ مخلوط بہار ہوز و واو مفتوح
اصل لفظ دھاون (धावन) مصدر دھاؤ (धाव) بمعنی دوڑنا

رچّھا रच्छा پرورش (ہندی بھاشا) بفتح را مہملہ و تشدید جیم فارسی مخلوط بہار
اصل لفظ سنسکرت رَکشا (रक्षा) حفاظت، پرورش

نِیر नीर پانی (سنسکرت) بکسر نون و یا معروف مادہ نی (नी) حاصل کرنا

نورنگی नौरंगी نورنگوں کی (ہندی بھاشا)

چنگی चंगी بھلی، بہتر (ہندی بھاشا)

اچنبھا अचम्भा تعجب (ہندی بھاشا)

آدِھین आधीन تابعدار، خادم (ہندی بھاشا) اصل سنسکرت ادھین आधीन
مصدر این (ईन) مالک ہونا

گَتِ गति حالت، شکل (سنسکرت) بفتح کاف فارسی و کسر تار مثناۃ

سادھ साधु نیک مرد، سود خوار (سنسکرت) بفتح سین مہملہ و الف و
دال مہملہ مخلوط بہار ہوز مادہ سادُ (साध) بمعنی پورا کرنا

نِپَٹ निपट بالکل، تمام، سب (ہندی بھاشا) بکسر نون و فتح بار فارسی و
سکون تار ہندی

پاپ पाप گناہ، خطا، جرم (سنسکرت)

کھان खानि خزانہ (ہندی بھاشا) بفتح کاف عربی مخلوط والف و نون مکسور
بیار خفیف

اوشدھ औषधि دوا، علاج (ہندی بھاشا) بفتح الف وسکون واو و فتح شین معجمہ
سکون دال مخلوط۔ اس حرف (ष) کا تلفظ کھ اور شَ دونوں ہے

وِپتّ विपत्ति مصیبت (سنسکرت) بپتا بھی مستعمل ہے۔ بکسر واو و فتح بار فارسی و
تشدید تار مثناۃ مکسور باظہار یار خفیف

پیتامبر पीताम्बर ریشمی زرد رنگ کا کپڑا (سنسکرت) یہ لفظ مرکب پیت (पीत)
بمعنی زرد اور امبر (अम्बर) بمعنی کپڑا

مُرلی دھر मुरलीधर بانسری بجانے والا (سنسکرت) عموماً کرشن جی کو
مرلی دھر کہتے ہیں۔ مرکب ہے مرلی (मुरली) بانسلی اور دھر (धर) رکھنے والا

ناد नाद آواز (سنسکرت) بفتح نون والف۔ مصدر ند (नद) آواز کرنا

وِرلا विरला کوئی (سنسکرت) بکسر واو وسکون را مہملہ و فتح لام والف آخر
ہندی میں واو کا تلفظ اکثر بار موحدہ سے ہوتا ہے اس لئے اس کا برلا بھی تلفظ
کرتے ہیں

اَچرَج अचरज تعجب (ہندی بھاشا) بفتح الف وسکون جیم فارسی و فتح رار
مہملہ وسکون جیم۔ اصل سنسکرت آشچری (आश्चर्य) مصدر چَر (चर)

بمعنی جانا۔ آن (आड़) زائد

نیو नेव دیوار کی جڑ (ہندی بھاشا) بکسر نون و یائے مجہول و واو ساکن

سیج सेज پلنگ، چارپائی (ہندی بھاشا) بکسر سین مہملہ و یائے مجہول و جیم ساکن
اصل سنسکرت شَیّا (शय्या) مصدر شِی (शी) بمعنی سونا کیپ (क्यप)
زائد اخیر

سنسار संसार خلقت، دنیا، عالم فانی (سنسکرت) بفتح سین مہملہ و نون ساکن و سین مہملہ
مفتوح و الف و رائے مہملہ ساکن مصدر (सृ) بمعنی جانا اور سم (सम्) باہم دیگر

سنگار सिंगार آراستگی، زیور (ہندی بھاشا) بکسر سین مہملہ و نون غنہ و کاف فارسی و
الف و رائے مہملہ ساکن اصل سنسکرت شرنگار (शृंगार) مادہ مصدر رِی (ऋ)
بمعنی جانا یا حاصل کرنا اور انُڑ (अण) زائد

سہسر सहस्र ہزار ۱۰۰۰ (اوپر گزرا)

ساکھ साख اعتبار، گواہی (ہندی بھاشا) بفتح سین مہملہ و الف و کاف عربی
مخلوط بہائے ہوز ساکن۔ اصل سنسکرت ساکشے (साक्ष्य) گواہی۔ مادہ اکشی
(अक्षि) یعنی نگاہ، آنکھ سہ (सह) ساتھ اور یپ (यप) زائد

اَچنبھو अचम्भव تعجب (ہندی بھاشا) اس کی تحقیق اوپر گزری

اُپجنا उपजना اُگنا (ہندی بھاشا) بضم الف و فتح بائے فارسی و سکون جیم
عربی و فتح نون و الف اصل سنسکرت اُت و پت (उत्, पत्) سے مشتق

ہرپت (पत) بمعنی جانا۔ اُت (उत) زائد

چاکھنا चाखना چکھنا (ہندی بھاشا)

جیون जीवन زندگی (ہندی بھاشا) تحقیق اوپر گزری

آس आस اُمید (ہندی بھاشا) الف ممدودہ وسین مہملہ ساکن اصل سنسکرت

آشا (आशा) مصدر اَشُو (अशू) بمعنی پھیلانا اور آن (आन) حرف زائد

اوّل۔ اور اَچ (अच) حرف زائد اخیر

تھَن थन مشہور جسم کا وہ حصّہ جس سے دودھ نکلتا ہے (ہندی بھاشا) بفتح تا

مخلوط بہا، ہوز و نون ساکن اصل سنسکرت ستن (स्तन) سے بگڑ کر حاصل

ہوا ہے

کاجل काजल سیاہی جو آنکھ میں لگائی جاتی ہے (ہندی بھاشا) بفتح کاف

عربی و الف و جیم مفتوح و لام ساکن۔ سنسکرت کجّل (कज्जल) سے حاصل

ہوا یہ مرکب ہے کت (कत) خراب جل (जल) بمعنی پانی سے

کجلوٹی कजलौटी ظرف جس میں کاجل رکھتے ہیں (ہندی) بفتح کاف

عربی و سکون جیم عربی و فتح لام و واو مجہول و کسر تاء ہندی و یاء معروف

اودھو ऊधौ کرشن جی کے ساتھی کا نام۔ مطلقاً قاصد

بضم الف و واو معروف و دال مہملہ مخلوط بہا، مفتوح و واو مجہول

بالک बालक لڑکا (سنسکرت) بفتح باء موحدہ و الف و لام مفتوح و کاف

عربی ساکن

ٹھاڑا ठाढा کھڑا (ہندی بھاشا)

سنگ संग ساتھ (سنسکرت) (सङ्ग)

ہَولے होले آہستہ، دھیمے (ہندی بھاشا) بفتح ہار ہوز و واو ساکن ولام مکسور و یار مجہول

تھَمُ थम ستون، سہارا (ہندی بھاشا) بفتح تار مثناۃ و مخلوط بہار ہوز و سکون میم آخر۔ اصل لفظ سنسکرت ستمبھ (स्तम्भ) ستون مصدر شتھمبھ (ष्टभि) بمعنی روکنا۔ اچ (अच) حرف زائد اخیر

بھُور भोर صبح سویرا (ہندی بھاشا) بضم بار موحدہ مخلوط بہار ہوز و واو مجہول رار مہملہ ساکن

لگن लग्न محبّت، ایک ظرف مشہور لگن (سنسکرت) بفتح لام و سکون کاف فارسی و نون ساکن۔ مصدر لگ (लग) بمعنی ساتھ ہونا

سیس सीस سر (ہندی بھاشا) بکسر سین مہملہ و یار معروف و سین مہملہ ساکن اصل لفظ سنسکرت شیرش (शीर्ष) سر مادہ شری (श्रि) بمعنی عزت

ڈُہڈہی डहडही کھلی، شگفتہ (ہندی بھاشا) بفتح دال ہندی و سکون ہار ہوز و فتح دال ہندی و کسر ہار ہوز و یار معروف

اَدْبُھت अद्भुत عجیب، تعجب انگیز (سنسکرت) بفتح الف و سکون دال مہملہ

ضم بار موحدہ مخلوط بہار ہوز و سکون تا مثناۃ مادہ (اَت (अत) حرف زائدا و ل و

مصدر بھا (भा) بمعنی چمکنا

انت अंत انجیر (سنسکرت) بفتح الف و سکون نون غنہ و تا رمثناہ انجیر

لیکھا लेखा حساب، گنتی، شمار (سنسکرت) بکسر لام و یار مجہول و کاف عربی

مخلوط بہار ہوز و الف۔ مصدر لکھ (लिख) بمعنی لکھنا

تَرَوَر तरवर درخت (ہندی بھاشا) بفتح تار مثناۃ ضم رار مہملہ و واو مفتوح و رار مہملہ

ساکن۔ اصل لفظ سنسکرت ترو (तरु) درخت مصدر تری (तॄ) بمعنی آگے بڑھنا

اور ر حرف زائد آخر

پات पात پتّا، پتّی (ہندی بھاشا) بفتح بار فارسی و الف و تار مثناۃ ساکن۔

سنسکرت پتر (पत्र) سے بگڑ کر بنا ہی

شِیتَل शीतल ٹھنڈا، خنک، نیلوفر، چاند (سنسکرت) بکسر سین معجمہ و یار ساکن و

تار مفتوح و لام ساکن

چھایا छाया سایہ، عکس (سنسکرت) بفتح جیم فارسی مخلوط بہار ہوز و یار مفتوح و

الف (مصدر چھو (छो) کاٹنا)

کیلی कीली بکسر کاف عربی و یار معروف و لام مکسور و یار معروف۔ سنسکرت

کیل (कील) میخ

راس रास ذخیرہ، مال (سنسکرت)

**چاک** चक پہیہ، کمہار کا چاک (ہندی بھاشا) بفتح جیم فارسی و سکون کاف عربی۔ سنسکرت چکر (चक्र) سے حاصل ہوا ہے

**چاتُر** चातुर ہوشیار، عقلمند (ہندی بھاشا) بفتح جیم فارسی و الف و تا، مضموم و را، مہملہ ساکن۔ لفظ سنسکرت چتر (चतुर) سے حاصل ہوا (مصدر چتْ (चत) بمعنی پوچھنا۔ اوپر (उरच) حرف زائد اخیر)

**جاتی** जाति قوم (سنسکرت) بفتح جیم عربی و الف و تا، مثناۃ مکسور (مصدر جَنْ (जन) پیدا ہونا۔ کِتچ (क्तिच्) زائد اخیر

**گنوار** गंवार دہقانی، جاہل (ہندی بھاشا)

**نِس** निस رات (ہندی بھاشا) بکسر نون و سکون سین مہملہ اصل سنسکرت نشا (निशा) (شو (शो) ضائع کرنا و نی (नि) ہمیشہ)

**ماس** मांस گوشت (سنسکرت)

**باس** बास رہنے کی جگہ (ہندی بھاشا) بفتح با، موحدہ و الف و سین مہملہ ساکن اصل سنسکرت واس (वास) (مصدر وس (वस) رہنا)

**کھانڈا** खांड़ा تلوار (ہندی بھاشا) بفتح کاف عربی مخلوط بہا، و الف و نون غنہ و دال ہندی مفتوح و الف۔ سنسکرت کھانگ (खड्ग) (مادہ کھڈ (खड्) بمعنی کاٹنا)

**پُوت** पूत بضم با، فارسی و واو معروف و تا، مثناۃ ساکن سنسکرت پُتّر (पुत्र)

بیٹا، بیٹی، لڑکا (مصدر پت (पुत) اور ترا (त्रा) بمعنی محفوظ رکھنا یا پن (पुन) پاک کرنا اور تر (त्र) حرف زائد آخر)

بالا बाला لڑکی و لڑکا (ہندی بھاشا) بفتح بائے موحدہ و الف و لام مفتوح و الف سنسکرت بال (बाल) لڑکا۔ بچّہ (مادہ بل (बल) زندہ رہنا)

بھانا भाना بھلا معلوم ہونا (ہندی بھاشا)

نوانا नवाना جُھکانا (ہندی بھاشا) بفتح نون و واو مفتوح و الف و نون مفتوح الف۔ سنسکرت نمن (नमन) جھکانا۔ جھکنا (مصدر نم (नम) جھکنا، رکوع، عبادت کرنا)

اَدّی अद्य اوّل، شروع (سنسکرت) بفتح الف و تشدید دال مہملہ مفتوح و یائے مفتوح

مَدّھی मध्य درمیان (سنسکرت) بفتح میم و تشدید دال مخلوط بہائے ہوز مفتوح و یائے مفتوح

کَٹی कटि کمر، سرین (سنسکرت) بفتح کاف عربی و کسرۂ تائے مکسور و یائے معروف

اَنْت अन्त اخیر (سنسکرت) بفتح الف و سکون نون و تائے مثناۃ ساکن

مٹکا मटका مٹی کا گھڑا (ہندی بھاشا) بفتح میم و سکون تائے ہندی و کاف عربی مفتوح و الف۔ اصل سنسکرت مرتکا (मृत्तिका) بمعنی مٹی۔ ڈھیلا

گیانی ज्ञानी سمجھدار عالم (سنسکرت) بکسر کاف فارسی و یائے مفتوح و الف و نون مکسور و یائے معروف (مصدر گیان (ज्ञा) جاننا)

رس रस عرق، مزہ، محبت (ہندی بھاشا. بفتح رار مہملہ و سکون سین مہملہ سنسکرت میں بھی اسی معنی میں مستعمل ہے

سُوبھا सोभा خوبی، چمک، سنگار (ہندی بھاشا) بضم سین مہملہ و واو معدولہ و بار موحدہ مخلوط بہار ہوز مفتوحہ و الف. سنسکرت شُوبھا (शोभा) (مادہ شُبھ शुभ بمعنی چمکنا اِچ (टाप) علامت تانیث زائد)

تے ते سے (ہندی بھاشا)

چھن छण لمحہ، تھوڑی دیر (ہندی بھاشا) بفتح جیم فارسی مخلوط بہار ہوز و نون ساکن- اصل سنسکرت کشَنڑ (क्षण)

نیارا न्यारा علحدہ، نرالا (ہندی بھاشا) بکسر نون و یار مفتوح و الف و رار مہملہ مفتوح و الف- اصل سنسکرت نِرآلے

رنجن रञ्जन پسندیدگی، آرام، خوشی، جوش میں لانا (ہندی)، بفتح رار مہملہ و نون ساکن و جیم عربی مفتوح و نون ساکن- اصل سنسکرت رَجَّنْ (रञ्जन) (مادہ رج (रञ्ज) بمعنی رنگنا، دل پر اثر کرنا- جوش میں لانا یُچ (युच) زائد اخیر)

کر कर ہاتھ (سنسکرت) بفتح کاف عربی و رار مہملہ ساکن

نَین नयन آنکھ (ہندی بھاشا) بفتح نون و فتح یار و سکون نون

انگ अङ्ग جسم، بدن، دل، سمجھ (سنسکرت) بفتح الف و نون غنہ ساکن و

کاف فارسی ساکن۔ (مادہ انگ (अङ्ग) نشان کرنا)

**نیک** नीक بھلا، اچھا (ہندی بھاشا)، بکسر نون و یا معروف و کاف عربی ساکن۔

**ساجن** साजन اچھا آدمی، پیارا، شوہر (ہندی بھاشا)، بفتح سین مہملہ و الف و جیم عربی مفتوح و نون ساکن۔ سنسکرت سجّن (सज्जन) (مرکب ست (सत) بمعنی اچھا۔ سچا اور جن (जन) آدمی)

**تِشنا** तिषना پیاس، تشنگی (ہندی بھاشا)، بکسر تار مثناۃ و سکون شین معجمہ و فتح نون و الف۔ اصل سنسکرت ترِشنا (तृष्णा) پیاس (مادہ ترِش (तृष) پیاسا ہونا، خواہش کرنا، کوشش کرنا)

**گُن** गुण ہنر، علم، طریقہ (سنسکرت)

**گَون** गवन چلن، چلنا (ہندی بھاشا گمن سے گون بنا)، بفتح کاف فارسی و فتح واو و نون ساکن۔ اصل سنسکرت گمن (गमन) جانا۔ ہلنا۔ کوچ کرنا۔ حاصل کرنا (مادہ گم (गम) جانا، حرکت کرنا لیُٹ (ल्युट) زائد اخیر)

**جاکو** जाको جس کو (ہندی بھاشا)

**دُوارا** द्वारा دروازہ (ہندی بھاشا دوار صحیح)، بضم دال مہملہ و واو مفتوح و الف و رار مہملہ۔ اصل سنسکرت دُوار (द्वार) دروازہ۔ ذریعہ (مادہ دوِرِی (द्वृ) ڈھانکنا یا پکڑنا۔ متعدی وِچ (विच) زائد اخیر)

**بھَوَن** भवन مکان، گھر، فطرت، صفت (سنسکرت)، بفتح بار موحدہ مخلوط